مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی نئی زیر ترتیب دس جلدوں میں زیرطباعت کتاب ''منبر حقانیہ سے خطبات مشاہیر'' اِسی منبر کی صداؤں کا مجموعہ ہے۔ اِس منبر کو بھی نئی مسجد کے تہہ خانے میں لگادیا جائیگا۔ اس کے ساتھ ساتھ اس مسجد کے چھوٹے چھوٹے خوبصورت مینار بھی ان شاء اللہ محفوظ بنانے کی کوششیں جاری ہیں جنہیں مدرسے کے کسی ہاسٹل یا درسگاہوں میں لگا دیا جائے گا۔ اسی طرح اِس مسجد کے ہال ومحراب میں یکم جون بروز پیر بوقت عشاء پندرھویں شب (شب براءت) کو ساڑھے نو بجے آخری جماعت مولانا مفتی غلام قادر نعمانی صاحب کی اقتداء میں ادا کی گئی جس میں دارالعلوم اساتذہ اور شعبہ حفظ کے سینکڑوں بچوں نے شرکت کی۔ نمازِ عشاء کے بعد حضرت مفتی صاحب نے اِس موقع پر اِس عظیم مرکزِ علم رُشدوہدایت کے بنانے والوں کے لئے خصوصی دعائیں کیں۔ تقریباً ساٹھ برس اس میں نمازیں ادا کی گئیں اور جگہ کی قلت کی بناء پر اس میں برسہا برس قرآن وحدیث اور درس نظامی کے درس ہوتے رہے اور ساٹھ برس تک طلباء نے اس میں مطالعہ کیا۔ اللہ تعالیٰ اُن تمام حضرات کی مغفرت فرمائے جنہوں نے اس تاریخی مسجد میں چندے دیئے اور اسکو بنایا اور اس کی تعمیر میں ہرطرح کی معاونت فرمائی۔ اس کانعم البدل اللہ انہیں جنت الفردوس عطا فرمائے امین۔

حضرت مولانا شیرعلی شاہ صاحب کی علالت

جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے جید استاد، شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب عارضہ قلب میں مبتلا ہیں، ہسپتال میں رہنے کے بعد واپس گھر منتقل ہوگئے ہیں گوکہ بیماری سے تھوڑی کمزوری پیدا ہوچکی ہے الحمدللہ پہلے سے بہت زیادہ شفایاب ہوگئے ہیں اوران شاء اللہ آئندہ سال دارالعلوم اسباق حسب سابق پڑھائیں گے کیونکہ حضرت شیخ صاحب دارالعلوم حقانیہ سمیت خیبر پختونخوا پاکستان کا ایک عظیم علمی، تحقیقی سرمایہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جلد از جلد شفا کاملہ عاجلہ مستمرہ اوردائمہ نصیب فرمائے۔ قارئین سے صحت یابی کیلئے دعاؤں کی اپیل کی جاتی ہے۔

وفیات: گزشتہ دنوں مرحوم جناب شفیق الدین فاروقی صاحب کے داماد جناب تنویر سیٹھی کی والدہ بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ حضرت مہتمم صاحب نے بمعہ اہل وعیال جنازہ میں شرکت کی۔ دارالعلوم کے رئیس دارالافتاء مولانا مفتی سیف اللہ حقانی کی خوشدامن ۱۴رمئی ۲۰۱۵ موضع دولت خیل ضلع لکی مروت میں انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ پابند صوم وصلاۃ اوراپنے علاقہ میں حفظ وناظرہ کی تدریس کی وجہ سے مشہور تھیں۔ اسی طرح مؤتمر المصنفین کے معاون مولانا محمد فہد حقانی کے چچا طویل علالت کے بعد انتقال کر گیے۔ قارئین سے تمام مرحومین کیلئے بلند درجات کیلئے دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔